## سوال

(148) حیض اور نفاس والی عورتوں کا طواف وداع کیسے پورا ہو؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حیض اور نفاس والی عورتوں کا طواف کیسے پورا ہو؟ (قاریہ)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حیض اور نفاس والی عورتوں کے لیے طواف وداع ضروری نہیں۔ جیسا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ثابت ہے۔ انہوں نے کہا:

((أُمِرَ النَّاسُ أَنْ يَكُونَ آخِرُ عَهْدِهِمْ بِالْبَيْتِ إِلَّا أَنَّهُ خُفِّفَ عَنِ الْمَرْأَةِ الْحَائِضِ)) (متفق علیہ)

''لوگوں کو حکم دیا گیا کہ ان کا آخری عہد بیت اللہ کے ساتھ ہو۔ مگر حائضہ کے لیے اس میں تخفیف ہے۔''

اور اہل علم کے نزدیک نفاس والی بھی حیض والی عورت کے حکم میں ہوتی ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

**فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ**

**جلد اول - صفحہ 140**

**محدث فتویٰ**